خبروں کا اعلامیہ

کم آمدنی والے البرٹنز کے لیے ٹرانزٹ کی رسائی کو بڑھانا

26 ستمبر، 2023 میڈیا انکوائریز

البرٹا کی حکومت صوبے بھر کی چھ نئی کمیونٹیز میں کم آمدنی والے ٹرانزٹ پروگرام کو بڑھانے کے لیے کو 1.7 ملین ڈالر فراہم کر رہی ہے۔

بہت سے البرٹنز کام، اپوائنٹمنٹس پر جانے کے لیے، اور تفریحی سرگرمیوں میں شرکت کرنے کے لیے عوامی نقل و حمل پر انحصار کرتے ہیں۔ بلند افراط زر سے نمٹنے میں مدد کے لیے کم آمدنی والے البرٹنز کے لیے ٹرانزٹ کی رسائی کو بڑھانے کی لیے، البرٹا کی حکومت نے فروری میں اضافی فنڈنگ دی تاکہ کم آمدنی والے البرٹنز کو ٹرانزٹ سروس تک زیادہ قابل استطاعت رسائی فراہم کی جا سکے۔

ایڈمنٹن اور کیلگری کے علاوہ، البرٹا کی 10 کمیونٹیز کے پاس کم آمدنی والے ٹرانزٹ پاسز ہیں۔ اس اضافی فنڈنگ کے ساتھ اور ٹرانزٹ میں مالی رکاوٹوں کو کم کرنے کے لیے، کیمروز Ca)م(rose، ہنٹن (Hinton) ، لیڈک (Leduc)، لیتھ بریج (Lethbridge)، ریڈ ڈیئر (Red Deer) اور اسپروس گروو (Spruce Grove) میں کم آمدنی والے البرٹنز اب کم آمدنی والے ٹرانزٹ پاس کے لیے درخواست دے سکیں گے۔

"بہت سے البرٹنز روزانہ کی بنیاد پر پبلک ٹرانزٹ پر انحصار کرتے ہیں۔ کم آمدنی والے ٹرانزٹ پاسز کو بڑھانے کے لیے ان نئے معاہدوں کے ذریعے افراد اور خاندانوں کو آسانی کے ساتھ اور زیادہ خرچہ کیے بغیر اپنی کمیوٹیز میں آمد ورفت کرنے میں مدد ملے گی۔"

جیسن نکسن، منسٹر آف سینیئرز، کمیونٹی اینڈ سوشل سروسز (Jason Nixon, Minister of Seniors, Community and Social Services)

فنڈنگ بلدیہ کی کم آمدنی والے ٹرانزٹ پروگرام کی امدادی رقم(سبسڈی) دینے کی لاگت کو پوری طرح پورا کرے گی، بشمول انتظامیہ کے اخراجات کے لیے اضافی 10 فیصد۔ کمیونٹیز اس فنڈنگ تک کیسے رسائی حاصل کر سکتی ہیں اس بارے میں تفصیلات براہ راست اہل میونسپلٹیز کے ساتھ شیئر کی جائیں گی۔

"سٹی آف کیمروز (City of Camrose) نے پچھلے آٹھ سالوں سے کمیونٹی کو ٹرانزٹ کے اختیارات فراہم کیے ہیں۔ ہم اپنے پروگرام میں حکومت البرٹا کے تعاون کی قدر کرتے ہیں، جو ہمارے شہریوں کے لیے ٹرانزٹ کو مزید قابل استطاعت بنانے میں

معاون ہے۔ ہم اپنے پڑوسیوں اور صوبے کے ساتھ علاقائی ٹرانزٹ سسٹم کی ممکنہ سہولت کے لیے مستقبل میں کام کرنے کے منتظر ہیں۔"

پی جے اسٹیسکو، میئر، سٹی آف کیمروز (PJ Stasko, mayor, City of Camrose)

فوری حقائق

- صوبے بھر میں کم آمدنی والے ٹرانزٹ پاسز کے لیے 14 ملین ڈالرسے زیادہ پہلے ہی مختص کیے جا چکے ہیں، بشمول کیلگری اور ایڈمنٹن ہر ایک کے لیے 6 ملین ڈالر اپنے پروگراموں کو چلانے کے لیے۔

متعلقہ خبریں

- ضرورتمند البرٹنز کو، انہیں پوئنٹ اے سے پوئنٹ بی تک جانے کے لیے مدد کرنا (Helping Albertans in need get from point A to point B) (2 فروری، 2023)

ملٹی میڈیا

- نیوز کانفرینس کو سنیں (Listen to the news conference)

میڈیا سے پوچھ گچھ

ہیدر بارلو (Heather Barlow)

780-245-0421
پریس سیکریٹری، سینیئرز، کمیونٹی اینڈ سوشل سروسز
(Press Secretary, Seniors, Community and Social Services)